عورت فرض نماز کس وقت میں ادا کرے؟

مجیب: سید مسعود علی عطاری مدنی زید مجدہ

فتوی نمبر: Eml:19

تاریخ اجراء: 16 ربیع الثانی 1442ھ / 02 دسمبر 2020ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ عورت اپنی فرض نماز کب پڑھے گی؟ نماز کے اول وقت میں یا درمیانی وقت میں یا آخری وقت میں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورتوں پر چونکہ مسجد کی جماعت واجب نہیں ہے، بلکہ لازم ہے کہ گھر میں ہی نماز پڑھیں، اس لئے مسجد کی اذان ہونے کے بعد اپنے گھر میں جب بھی وقت کے اندر نماز پڑھ لیں نماز ہو جائے گی، مگر عورتوں کیلئے فرض نماز ادا کرنے کا مستحب وقت یہ ہے کہ فجر کی نماز اندھیرے میں یعنی اول وقت میں پڑھیں، اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے کہ مردوں کی جماعت ختم ہونے کا انتظار کریں، جب مردوں کی جماعت ہو جائے تو اب اپنی فرض نماز ادا کریں۔

بہار شریعت میں ہے: "عورتوں کیلئے ہمیشہ فجر کی نماز غلس (یعنی اول وقت) میں مستحب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے کہ مردوں کی جماعت کا انتظار کریں، جب جماعت ہو چکے تو پڑھیں۔" (بہار شریعت جلد 1، حصہ 3، صفحہ 451، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللّٰہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہٗ اَعۡلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net